نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا سرگودھا ڈویژن کا دورہ

گندم کے تصدیق شدہ بیج کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے جبکہ کھادیں اصل قیمتوں سے بھی کم نرخوں پر وافر مقدار میں موجود ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

کسان کارڈ کے تحت اب تک 6 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو 90 ارب روپے سے زائد بلاسود قرض جاری کیا جا چکا۔وزیرزراعت پنجاب

لاہور 22 نومبر 2025 ( ) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیرزراعت اور سیکرٹری زراعت نے سرگودھا ڈویژن کا دورہ کیا۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت کمشنر آفس سرگودھا میں گندم کی کاشت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا،جس میں ممبران صوبائی اسمبلی اکرام الحق،رانا منور حسین،سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو،کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان،ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں،چوہدری عبدالحمید سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ گندم بوائی مہم کی رفتار نہایت حوصلہ افزاء ہے،جبکہ گندم کی بوائی میں تمام سٹیک ہولڈرز فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ جعلی زرعی ادویات وکھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل کیا جا رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب میں رواں سیزن گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔گندم کے تصدیق شدہ بیج کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے جبکہ کھادیں اصل قیمتوں سے بھی کم نرخوں پر وافر مقدار میں موجود ہیں۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کے مطابق کسان کارڈ کے تحت اب تک 6 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو 90 ارب روپے سے زائد بلاسود قرض جاری کیا جا چکا ہے۔صوبائی وزیرزراعت نے ڈویژنل و ڈسٹرکٹ انتظامیہ اور محکمہ زراعت کے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ گندم بوائی مہم میں ان کا کردار قابلِ ستائش ہے۔

اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے ڈویژنل وضلعی انتظامیہ کو سرکاری رقبوں پر گندم کی کاشت یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ محکمہ انہار،زراعت اور دیگر سٹیک ہولڈرز کے مضبوط روابط گندم مہم کو کامیابی سے ہمکنار کر رہے ہیں۔

اجلاس کے دوران کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان نے بتایا کہ سرگودھا ڈویژن میں 17 لاکھ 21 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ 14 سو ملین روپے کی خطیر رقم سے ترشاوہ باغات کی بحالی کے منصوبے پر بھی عملدرآمد جاری ہے۔بعدازاں، وزیرزراعت نے سٹرس بحالی پروگرام کے تحت تیار کردہ نئے سکرین ہاؤس کا افتتاح کیا اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو و دیگر افسران کے ہمراہ سرگودھا میں قائم ماڈل ایگریکلچر مال کا بھی دورہ کیا۔

☆☆☆☆